تربیت کے مراکز قائم کیے۔ ان میں رائے بریلی (اتر پردیش) میں واقع قصبہ سلون کی خانقاہِ کریمیہ خاص طور پر معروف ہے۔ زیرنظر تذکرے میں خانقاہ سلون کے اکابرین کے احوال و آثار اور تاریخ اور روحانی خدمات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ تصوف اور اس کے مختلف سلسلوں کے تذکرے کے ساتھ ساتھ خانقاہی نظام میں دَر آنے والی خرابیوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے۔ مؤلف خود بھی اس سلسلۂ طریقت سے وابستہ ہیں۔]

◉ **کشمیری خواتین کی دردناک اپیل**، ناشر: ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعت اسلامی پاکستان۔ منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۳۵۴۱۹۵۲۰-۰۴۲۔ صفحات: ۳۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [مقبوضہ کشمیر میں نصف صدی سے زائد مدت سے جاری تحریکِ آزادیِ کشمیر میں خواتین جن مظالم، مصائب و مشکلات، معاشی اور نفسیاتی ٹارچر سے دوچار جدوجہدِ آزادی میں مردوں کے شانہ بشانہ کردار ادا کر رہی ہیں، زیرنظر کتابچے میں اس کی دل دہلا دینے والی تصویر پیش کی گئی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں ۳۲ ہزار سے زائد خواتین شہید، جب کہ ۲ لاکھ سے زائد بچے یتیم ہوچکے ہیں۔ خواتین کی ایک بڑی تعداد 'بیوہ اور نیم بیوہ' کی کیفیت سے دوچار ہے جن کے خاوند لاپتا ہیں۔ ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی، پروفیسر الیف الدین ترابی اور میمونہ حمزہ نے انسانی ضمیر کو جھنجھوڑتے ہوئے کشمیر کی مظلوم خواتین، جو عزیمت کی تاریخ رقم کر رہی ہیں، کا پشتی بان بننے اور اپنا ملّی و اخلاقی فریضہ ادا کرنے کی دردمندانہ اپیل کی ہے!]

◉ **حکمت کے ہیرے**، تالیف: محمد احمد الجی المصری۔ ترجمہ: امیرالدین مہر۔ ناشر: کتب خانہ مکی، فرسٹ فلور، پاک شاپنگ مال، میرپور خاص، سندھ۔ فون: ۲۹۶۴۴۲۶۔ صفحات: ۸۱۔ قیمت: درج نہیں۔ [انسانی فطرت ہے کہ مثالیں، کہاوتیں اور اقوالِ زریں وغیرہ انسان کو زیادہ متاثر کرتے ہیں اور بآسانی یاد ہوجاتے ہیں۔ زیرنظر کتاب میں ۱۰ رابواب میں ایک نکتے والی باتیں، دوسرے باب میں دو نکتوں والی باتیں اور اسی طرح دسویں باب میں ۱۰ نکتوں والی باتیں دل چسپ اور اثرانگیز پیرایے میں بیان کی گئی ہیں۔ یہ جہاں کتاب کی انفرادیت ہے وہاں تزکیہ و تربیت کا عمدہ سامان بھی ہے۔]

ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن

انٹرنیٹ پر دیکھا جا سکتا ہے

www.tarjumanulquran.org

اشاریہ عالمی ترجمان القرآن

عالمی ترجمان القرآن کا اشاریہ (جنوری - دسمبر ۲۰۱۱ء) دستیاب ہے۔ خط/ای میل کے ذریعے طلب کیا جاسکتا ہے۔ (ادارہ)